## ﴾ خالی آسامیوں کے لیئے درخواستیں مطلوب ہیں۔ ﴿

ضلعی عدلیہ مانسہرہ میں درج ذیل خالی آسامیوں کیلئے ضلع مانسہرہ کے مستقل سکونتی و رہائشی شہریوں اور اہل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں جو کہ مورخہ 04 نومبر 2025 کو بوقت 02:00 بجے دن زیر دستخطی کے دفتر میں پہنچ جانی چاہئیں۔

| نمبر شمار | نام آسامی | تفصیل کوٹہ | کم از کم تعلیمی قابلیت | منظور شدہ آسامیاں | عمر کی حد | کل خالی آسامیاں / کوٹہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | پراسس سرور BPS-5 | اوپن میرٹ 07 | میٹرک | 54 | 18 تا 35 سال درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ تک | اوپن میرٹ 07<br>کل 07 |
| 2. | سویپر BPS-3 | اوپن میرٹ 02 | ترجیحاً پڑھا لکھا | 08 | 18 تا 40 سال درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ تک | اوپن میرٹ 02<br>کل 02 |
| 3. | چوکیدار BPS-3 | اوپن میرٹ 01 | ترجیحاً پڑھا لکھا | 09 | 25 تا 40 سال درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ تک | اوپن میرٹ 01<br>کل 01 |

**شرائط و ضوابط:**

- ☆ درخواست فارم دفتر ہذا سے وصول کیا جاسکتا ہے یا ضلعی عدلیہ مانسہرہ کی ویب سائیٹ www.dscmansehra.gov.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے تاکہ ہر درخواست ایک ہی طرز پر لکھی اور دی جاسکے تاہم امیدوران اپنے طور پر بھی مجوزہ فارم خود تیار کر کے درخواست جمع کرواسکتے ہیں۔ مجوزہ فارم کے علاوہ درخواست پر عمل نہیں ہوگا نیز درخواست کے ہمراہ دو معزز اشخاص جو کہ رشتہ دار نہ ہوں سے چال چلن کا سرٹیفکیٹ بھی لف ہونا لازمی ہے۔ ہر درخواست دہندہ اپنی درخواست پر رابطہ نمبر لازمی لکھے گا/ گی۔
- ☆ درخواست کے ساتھ متعلقہ سرٹیفکیٹس / تعلیمی اسناد بمعہ قومی شناختی کارڈ کی مصدقہ نقول لف ہوں نیز ہمراہ کریکٹر سرٹیفکیٹ آخری تعلیمی ادارہ سے جاری شدہ لف کرنا لازمی ہے جبکہ اصل سرٹیفکیٹ وغیرہ بوقت ٹیسٹ / انٹرویو ساتھ لانا لازمی ہونگے۔ بصورت دیگر ٹیسٹ / انٹرویو میں شامل ہونے کے اہل نہیں ہونگے۔
- ☆ امیدواروں کی تعداد کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے ٹیسٹ / انٹرویو کے لیئے کسی دیگر جگہ کا انتخاب کرنا اگر مناسب سمجھا گیا تو اس سلسلہ میں امیدواران کو بذریعہ نوٹس (جو عدالت ہذا کے نوٹس بورڈ پر چسپاں کردیا جائے گا) مطلع کردیا جائے گا اور عدالت ہذا کی ویب سائیٹ اور فیس بک کے ذریعہ بھی آگاہ کردیا جائے گا۔
- ☆ سیریل نمبر 01 کے لیئے تحریری امتحان لازمی ہے جبکہ سکریننگ ٹیسٹ امیدواراں کی تعداد کو مد نظر رکھتے ہوئے لیا جاسکتا ہے۔ سیریل نمبر 2 اور 3 کے لیئے صرف انٹرویو لیا جائے گا البتہ امیدواروں کی تعداد کے پیش نظر انکا سکریننگ ٹیسٹ بھی لیا جاسکتا ہے۔
- ☆ ٹیسٹ / انٹرویو کی تاریخ کا اعلان بعد میں نوٹس بورڈ پر چسپاں کیا جائے گا اور عدالت ہذا کی ویب سائیٹ کے ذریعے بھی اطلاع دی جائے گی۔
- ☆ سرکاری ملازمین اپنے محکمے کی وساطت سے درخواست ارسال کریں اور اپنے Lien کے حق کی وضاحت بھی محکمانہ مجاز اتھارٹی سے کروائیں۔
- ☆ درخواست فارم کے ساتھ تین عدد پاسپورٹ سائز تصاویر منسلک کرنا لازمی ہے۔
- ☆ نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد وصول ہونے والی درخواستوں پر کوئی غور اور عمل نہیں کیا جائے گا۔
- ☆ ٹیسٹ / انٹرویو کے لیئے آنے والے امیدواروں کو کوئی TA/DA نہیں دیا جائے گا۔
- ☆ عمر کی بالائی حد میں رعایت صوبائی حکومت کے مروجہ قواعد 2008 کی روشنی میں دی جائے گی۔
- ☆ متعلقہ شعبہ میں تجربہ کے حامل افراد مصدقہ دستاویزی ثبوت (سرٹیفکیٹ وغیرہ) لف کریں۔ مذکورہ تجربہ سرکاری و نیم سرکاری ادارے / محکمے کا شمار کیا جائے گا تاہم اچھی شہرت اور ساخت رکھنے والے پرائیوٹ ادارے / محکمے کا تجربہ بھی شمار کیا جاسکتا ہے۔
- ☆ دیدہ و دانستہ غلط بیانی اور جعل سازی کی صورت میں متعلقہ امیدوار کی درخواست خارج کرنے کے علاوہ فوجداری و تادیبی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔
- ☆ درخواست بمعہ مصدقہ دستاویزات دفتر ہذا میں اصالتاً یا بذریعہ مجاز نمائندہ (جس کو باضابطہ اختیار دیا گیا ہو) جمع کروائی جاسکتی ہے۔
- ☆ درخواست بذریعہ ڈاک بھی ارسال کی جاسکتی ہے تاہم بذریعہ ڈاک کی صورت میں مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں کو مسترد کیا جاسکتا ہے۔
- ☆ مجاز اتھارٹی پالیسی کے مطابق اشتہار میں تبدیلی / ترمیم یا اسے منسوخ کرنے، آسامیوں کی تعداد میں کمی بیشی کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔

(آفتاب جاوید)

سینئر سول جج ایڈمن مانسہرہ

...ior Civil Judge
(Administration)
...nsehra